TUE.10.Sep.2024
VOLUME:19 NO: 231
PRICE: 3=00
Mob:8055362952
Pages:4

Established May 1994 : قائم شدہ: مئی

# ورقِ تازہ ناندیڑ

RNI No. MAHURD/2006/16935
ناندیڑ اور پربھنی سے علاحدہ ایڈیشن کی اشاعت
waraquetaza.com
waraquetaza.com/E-paper

بروز منگل 10/ستمبر 2024
جلد:19 شمارہ: 231
6/ربیع الاول 1446ھ
قیمت 00=3 روپئے
صفحات: 4

THE WARAQU-E-TAZA URDU DAILY NANDED
waraquetazadaily@rediffmail.com-Email:waraquetazadaily@yahoo.co.in
HON'RY EDITOR:Mohd.Taqui (M.A,B.Ed)
اعزازی مدیر: محمد تقی (ایم۔اے،بی۔ایڈ)

Alhaj Md. Javeed 8888 96 1111
Md. Younus 8888 95 1111
Md. Tajammul 8888 94 1111
Md. Awes 8888 93 1111
MUSKAN JEWELLERS
مُسکان جیولرس
سونے کے زیورات کا وسیع اور عمدہ شوروم
صرافہ بازار، چوک، ناندیڑ۔

الحاج قاضی نوید محی الدین صدیقی
M.: 9960532993
7249532993
کنگن جویلرس
KANGAN JEWELLERS
اسحاق ٹاور، صرافہ بازار، چوک، ناندیڑ۔
ہمارے پاس ترکش، کویتی، عربی سونے کے زیورات تیار اور آرڈر کے مطابق بنا کر دیئے جاتے ہیں۔

Alhaj Md. Javeed 8888 96 1111
Md. Younus 8888 95 1111
Md. Tajammul 8888 94 1111
Md. Awes 8888 93 1111
MUSKAN JEWELLERS
مُسکان جیولرس
سونے کے زیورات کا وسیع اور عمدہ شوروم
صرافہ بازار، چوک، ناندیڑ۔

# کینسر کی دواؤں اور نمکین کی قیمتیں گھٹانے کا فیصلہ

## جی ایس ٹی کونسل کی میٹنگ میں ہوئے کچھ اہم اعلانات

نئی دہلی:9/ستمبر(ایجنسیز) جی ایس ٹی کونسل کی 54ویں میٹنگ آج (9 ستمبر) اختتام پذیر ہوئی۔ یہ میٹنگ مرکزی وزیر مالیات نرملا سیتارمن کی صدارت میں ہوئی تھی جس میں کچھ اہم فیصلے لیے گئے۔ حالانکہ طویل مدت سے موضوع بحث رہے کچھ مسائل کو حل کرنا جی ایس ٹی کونسل نے فی الحال ٹال دیا ہے۔ جی ایس کونسل کے کچھ اہم فیصلوں میں کینسر کی دوائیں، نمکین اور مذہبی سفر کے لیے ہیلی کاپٹر سروس لینے پر جی ایس ٹی گھٹانے کا اعلان شامل ہے۔ مرکزی وزیر مالیات نرملا سیتارمن نے اعلان کیا ہے کہ ریاستی یا مرکزی حکومت کے قانون سے بنی کوئی یونیورسٹی اور ریسرچ سنٹر اگر حکومت یا پرائیویٹ سیکٹر سے فنڈ حاصل کرتی ہیں تو انھیں اس پر کوئی جی ایس ٹی نہیں دینا ہوگا۔ دراصل گزشتہ مہینے یہ خبر آئی تھی کہ آئی آئی ٹی دہلی سمیت مختلف دیگر تعلیمی اداروں کو ریسرچ کے لیے فنڈ پر جی ایس ٹی کا نوٹس ملا ہے۔ اس کے بعد وزارت مالیات کی شدید تنقید ہو رہی تھی۔ ڈائریکٹوریٹ جنرل آف جی ایس ٹی انٹیلیجنس (ڈی جی جی آئی) نے آئی آئی ٹی دہلی سمیت مجموعی طور پر 7 اداروں کو ٹیکس ڈیمانڈ کا نوٹس بھیج دیا تھا۔ جی ایس ٹی کونسل کی میٹنگ کے بعد ریونیو سکریٹری سنجے ملہوترا نے بتایا کہ نمکین پر جی ایس ٹی اب 18 فیصد سے گھٹا کر 12 فیصد کر دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ کینسر کی دواؤں پر بھی 12 فیصد کی جگہ 5 فیصد جی ایس ٹی ہی لیا جائے گا۔ اس سے کینسر کی دوائیں کافی سستی ہوں گی اور مریضوں کو راحت ملے گی۔ سنجے ملہوترا نے کہا کہ مذہبی سفر کرنے والے ضعیفوں کے مسائل کو دیکھتے ہوئے سیٹ شیئرنگ کی بنیاد پر ہیلی کاپٹر سروس استعمال کرنے والے مسافروں کو جی ایس ٹی سے راحت دی گئی ہے۔ اسے 18 فیصد سے گھٹا کر 5 فیصد کر دیا گیا ہے۔ اس سے کیدارناتھ، بدری ناتھ اور ویشنو دیوی جیسے تیرتھ مقامات کے لیے جانے والے عقیدتمندوں کو راحت ملے گی۔ سنجے ملہوترا نے جانکاری دی کہ وزیر مالیات نرملا سیتارمن کی صدارت میں ریاستوں کے وزرائے مالیات کے ساتھ جی ایس ٹی کونسل کی میٹنگ میں ہیلتھ انشورنس اور لائف انشورنس کے پریمیم پر لگنے والے جی ایس ٹی کو گھٹانے پر بھی تبادلہ خیال ہوا۔ اس کے بعد اس ایشو کو گروپ آف منسٹرس (جی او ایم) کے پاس بھیج دیا گیا ہے۔ یہ جی او ایم اکتوبر 2024 تک اپنی رپورٹ تیار کر کے دے گا۔ اس مسئلہ پر نومبر 2024 میں ہونے والی جی ایس ٹی کونسل کی میٹنگ میں تبادلہ خیال ہوگا۔ آن لائن پیمنٹ پر جی ایس ٹی کا معاملہ بھی فٹمنٹ کمیٹی کو بھیج دیا گیا ہے۔



کینسر کی دواؤں اور نمکین کی قیمتیں گھٹانے کا فیصلہ، جی ایس ٹی کونسل کی میٹنگ میں ہوئے کچھ اہم اعلانات جی ایس ٹی کونسل کی 54ویں میٹنگ آج (9 ستمبر) اختتام پذیر ہوئی۔ یہ میٹنگ مرکزی وزیر مالیات نرملا سیتارمن کی صدارت میں ہوئی تھی جس میں کچھ اہم فیصلے لیے گئے۔ حالانکہ طویل مدت سے موضوع بحث رہے کچھ مسائل کو حل کرنا جی ایس ٹی کونسل نے فی الحال ٹال دیا ہے۔ جی ایس کونسل کے کچھ اہم فیصلوں میں کینسر کی دوائیں، نمکین اور مذہبی سفر کے لیے ہیلی کاپٹر سروس لینے پر جی ایس ٹی گھٹانے کا اعلان شامل ہے۔

## ’منی پور تشدد معاملہ میں
## وزیر اعظم کی بے حسی نا قابل معافی: پرینکا

نئی دہلی: 9/ستمبر(ایجنسیز) کانگریس جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے منی پور میں تشدد کے تازہ واقعات کے بعد مرکزی حکومت کی ناکامیوں پر شدید حملہ کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ منی پور تقریباً ڈیڑھ سال سے جل رہا ہے۔ روزانہ تشدد، قتل، فساد، نقل مکانی... گھر جل رہے ہیں، فیملی اجڑ رہی ہے، زندگیاں تباہ ہو رہی ہیں، ہزاروں کنبے راحتی کیمپوں میں دن کاٹنے کو مجبور ہیں۔ وزیر اعظم جی نے اسے روکنے کی اب تک کوئی کوشش بھی نہیں۔ کانگریس جنرل سکریٹری نے پی ایم مودی پر یہ حملہ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ’ایکس‘ پر کیے گئے ایک پوسٹ میں کیا ہے۔ انھوں نے اس پوسٹ میں یہ بھی لکھا ہے کہ ”ایسا کبھی نہیں ہوا کہ ملک کی ایک ریاست کو مہینوں تک اس طرح جلتا ہوا چھوڑ دیا جائے اور اس پر بات تک نہ کی جائے۔ ملک کی داخلی سیکورٹی کسی کی خواہش پر منحصر نہیں ہوتی، یہ لازمی ذمہ داری ہے۔ وزیر اعظم جی کی بے حسی نا قابل معافی ہے۔“ اس سے قبل آج کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے بھی منی پور میں تشدد کے تازہ واقعات کو لے کر پی ایم مودی اور مرکزی حکومت کو ہدف تنقید بنایا تھا۔ انھوں نے کہا تھا کہ وزیر اعلیٰ این بیرین سنگھ کو فوراً برخاست کیا جانا چاہیے۔ کانگریس صدر نے کہا کہ ”کانگریس کا مطالبہ ہے کہ منی پور کے وزیر اعلیٰ کو فوراً برخاست کیا جائے، مرکزی حکومت کو حساس سیکورٹی والے حالات کی پوری ذمہ داری لینی چاہیے اور ریاستی فورس کی مدد سے سبھی طرح کے بغاوتی گروپوں پر بڑے پیمانے پر کارروائی کی جانی چاہیے۔“

## ہندوستانی ریلوے نے پہلوان ونیش پھوگاٹ اور بجرنگ پونیا کا استعفیٰ منظور کیا

نئی دہلی: دہلی میں ایم پی پاکس کے ایک مشتبہ کیس کا پتہ چلنے کے درمیان، ملک کے ماہرین صحت نے مشورہ دیا ہے کہ گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ مانکی پوکس وائرس (MPXV) میں وبائی امراض کی کم سے کم صلاحیت ہے۔ اس سے قبل حکومت نے 8 ستمبر کو ملک میں ایک نوجوان مرد مریض میں Mpox کے مشتبہ کیس کی اطلاع دی تھی جسے ایک ہاسپٹل میں الگ تھلگ کر دیا گیا ہے اور اس کی تفتیش جاری ہے۔ مریض نے حال ہی میں ایک ایسے ملک سے سفر کیا جو فی الحال Mpox ٹرانسمیشن کا سامنا کر رہا ہے۔ مریض کو ایک ہاسپٹل میں الگ تھلگ کر دیا گیا ہے اور فی الحال اس کی حالت مستحکم ہے۔ وزارت نے کہا کہ مرکز نے ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ ایم پی پاکس کے تمام مشتبہ کیسوں کی اسکریننگ، جانچ اور رابطے کا پتہ لگائیں۔ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو بھی مشتبہ اور تصدیق شدہ دونوں مریضوں کیلئے ہاسپٹلس میں الگ تھلگ سہولیات کی نشاندہی کرنے کا مشورہ دیا گیا تھا۔ مرکزی صحت کے سکریٹری اپوروا چندرا نے کہا کہ موجودہ وباء میں ہندوستان میں Mpox کا کوئی نیا کیس رپورٹ نہیں ہوا ہے اور مشتبہ کیسوں میں سے کسی بھی نمونے کا ٹیسٹ مثبت نہیں آیا ہے۔ مرکزی سکریٹری صحت اپوروا چندرا نے چوکنا رہنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ ماہرین صحت نے کہ گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ Mpox ایک وائرل بیماری ہے جس کی شناخت بخار، ددورا اور لمفاڈینوپیتھی کے طور پر کی جاتی ہے۔ ایسی حالت جس کی وجہ سے لمف نوڈس پھول جاتے ہیں یا غیر معمولی شکل یا سائز کے ہو جاتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ خود کو محدود کرنے والی بیماری ہے اور مریض چار ہفتوں میں ٹھیک ہو جاتے ہیں۔ ہندوستان میں Mpox کا مشتبہ کیس ایک عالمی وباء کے درمیان سامنے آیا ہے جو افریقہ کے تقریباً 13 ممالک میں پھیل چکا ہے جس نے ڈبلیو ایچ او کو اسے عالمی صحت کی ہنگامی حالت کا اعلان کرنے پر مجبور کیا۔ یہ فوری طور پر واضح نہیں ہیکہ آیا ہندوستان میں مشتبہ مریض کا تعلق Mpox کے زیادہ مہلک تناؤ سے ہے۔

## کیا کانپور میں ٹرینوں کو ایل پی جی سلنڈر سے اڑانے کی سازش کی گئی تھی؟ حراست میں لے کر 10 لوگوں سے پوچھ تاچھ

کانپور: اتر پردیش کے کانپور میں ریلوے ٹریک پر برآمد ایل پی جی سلنڈر اور پٹرول کی بوتل معاملہ پر اعلیٰ سطحی جانچ شروع ہو گئی ہے۔ آر پی ایف نے اس سلسلے میں ایک ایف آئی آر درج کی ہے۔ علاوہ ازیں اس معاملے کی جانچ آئی بی (تحقیقاتی بیورو) کو سونپ دی گئی ہے۔ اس واقعہ کے تعلق سے پولیس نے 10 لوگوں کو حراست میں بھی لیا ہے اور اس سے پوچھ تاچھ شروع کر دی گئی ہے۔ اندیشہ ظاہر کیا جا رہا ہے کہ ریلوے ٹریک پر گیس سلنڈر اور پٹرول بوتل کا ملنا معمولی واقعہ نہیں ہے۔ یہ براہ راست کسی بڑی سازش کا اشارہ دے رہا ہے۔ ریلوے افسران کے مطابق ایسا پہلی مرتبہ نہیں ہوا ہے۔ اتر پردیش میں گزشتہ کئی مہینے سے ریلوے ٹریک پر حساس چیزیں رکھ کر لگاتار ٹرین پلٹنے کی سازش ہو رہی ہے۔ تازہ واقعہ انور گنج-قاسگنج ریلوے روٹ کا ہے۔ آر پی ایف افسران کے مطابق براج پور ریلوے اسٹیشن سے کالندی ایکسپریس ٹرین تقریباً 5.2 کلومیٹر آگے چل رہی تھی کہ ریلوے ٹریک پر رکھے ایل پی جی گیس سلنڈر سے ٹکرا گئی۔ اس سے زور کا دھماکہ ہوا۔ غنیمت رہی کہ لوکو پائلٹ نے ایمرجنسی بریک لگا دی اور بڑا حادثہ ٹل گیا۔ اس کے بعد موقع پر پہنچی جی آر پی اور آر پی ایف کی ٹیموں نے جانچ کی تو پتہ چلا کہ ریلوے ٹریک پر نہ صرف رسوئی گیس کا سلنڈر رکھا تھا، بلکہ وہیں پر پٹرول بھری بوتل، ماچس اور دیگر آتشی سامان بھی رکھے تھے۔ بتایا جاتا ہے کہ جو دھماکہ ہوا وہ گیس سلنڈر پھٹنے کی وجہ سے ہوا۔ اس حادثے کے بعد موقع پر کالندی ایکسپریس تقریباً 22 منٹ تک کھڑی رہی۔ بعد میں ٹریک کی جانچ کرنے کے بعد اس ٹرین کو آگے روانہ کیا گیا۔ اسی طرح کا واقعہ کچھ دن قبل سابرمتی ایکسپریس کے ساتھ بھی ہوا تھا۔ اس حادثے میں ٹرین کی 22 بوگیاں پلٹ گئی تھیں۔ معاملے کی سنجیدگی کو دیکھتے ہوئے آر پی ایف نے ہفتہ کی دیر شب ایف آئی آر درج کر لی۔ ریلوے افسران کے مطابق معاملے کی تحقیقات کے لیے آئی بی کی مدد لی گئی ہے۔ ریلوے افسران کا کہنا ہے کہ یہ حرکت سماج دشمن عناصر کی ہو سکتی ہے۔ اس کے پیچھے ان کا مقصد دہشت قائم کرنا ہے۔ چونکہ گزشتہ کئی ماہ سے اس طرح کی سازش ہو رہی ہے اور 5-4 معاملے سامنے آ چکے ہیں، ایسے میں اسے ہلکے میں نہیں لیا جا سکتا۔ ریلوے افسران کے مطابق آر پی ایف تو معاملے کی جانچ کرے گی ہی، مرکزی جانچ ایجنسیوں کو بھی اس تحقیقات میں شامل کیا جا رہا ہے۔

## ہریانہ انتخابات: عآپ کے 20 امیدواروں کا اعلان

نئی دہلی: عام آدمی پارٹی (عآپ) نے پیر کو ہریانہ اسمبلی انتخابات کے لیے اپنے 20 امیدواروں کی پہلی فہرست جاری کی جو کانگریس کے ساتھ اتحاد کے لیے بات چیت میں رکاوٹ کی نشاندہی کرتی ہے۔ 90 رکنی ہریانہ اسمبلی کے لیے نامزدگی داخل کرنے کی آخری تاریخ 12 ستمبر ہے۔ ریاست میں ووٹنگ 5 اکتوبر کو ہوگی۔ ووٹوں کی گنتی 8 اکتوبر کو ہوگی۔ پارٹی نے ہریانہ یونٹ کے نائب صدر انوراگ ڈھنڈا کو کلیات سے اور اندو شرما کو بھیوانی سے میدان میں اتارا ہے۔ وکاس نہرا کو مہام سے اور بجیندر ہڈا کو روہتک سے میدان میں اتارا گیا ہے۔ عام آدمی پارٹی ریاست میں ممکنہ اتحاد کے لیے کانگریس کے ساتھ بات چیت کر رہی تھی۔ تاہم اے اے پی کتنی سیٹوں پر مقابلہ کرے گی اس بارے میں بات چیت پر الجھن برقرار ہے۔ ذرائع کے مطابق اروند کیجریوال کی قیادت والی پارٹی 10 نشستوں کا مطالبہ کر رہی ہے جبکہ کانگریس پانچ نشستوں کی پیشکش کر رہی ہے۔ اس سے قبل عآپ کے ہریانہ یونٹ کے سربراہ سشیل گپتا نے کہا تھا کہ اگر شام تک معاہدہ نہیں ہوا تو ان کی پارٹی تمام 90 نشستوں کے لیے امیدواروں کے نام جاری کرے گی۔ ہائی کورٹ نے لاپتہ نوجوانوں کے لیے سرچ آپریشن کی پیش رفت کی رپورٹ طلب کی۔

## اس بار دہلی میں پھر سنائی نہیں دے گی پٹاخوں کی گونج!

نئی دہلی: اس سال بھی دہلی والوں کو دیوالی پر پٹاخے پھوڑنے کی اجازت نہیں ہوگی۔ دہلی حکومت نے یہ فیصلہ ہر بار کی طرح اس مرتبہ بھی سردیوں میں ہونے والی آلودگی کے مدنظر لیا ہے۔ دہلی کے وزیر ماحولیات گوپال رائے کا کہنا ہے کہ دہلی میں سردیوں کے موسم میں بڑھنے والی آلودگی پر کنٹرول کے لیے کیجریوال حکومت نے گزشتہ سال کی طرح اس مرتبہ بھی پٹاخوں کے پروڈکشن، ذخیرہ، فروخت اور استعمال پر پوری طرح سے پابندی لگا دی ہے۔ گوپال رائے نے اس تعلق سے تفصیلی جانکاری دیتے ہوئے بتایا کہ اس مرتبہ پٹاخوں کی آن لائن فروخت اور ڈیلیوری پر بھی پابندی رہے گی۔ پٹاخوں کے پرڈکشن، ذخیرہ، فروخت اور استعمال پر یہ پابندی آئندہ سال جنوری تک نافذ رہے گی۔ اس پابندی کو سختی کے ساتھ نافذ کیا جائے گا اور دہلی پولیس، ڈی پی سی سی کے ساتھ ساتھ ریونیو محکمہ کے ساتھ مل کر کام سے متعلق منصوبہ بنایا جائے گا۔ گوپال رائے نے یہ بھی بتایا کہ حکومت آلودگی کو قابو میں کرنے کے لیے 21 فوکس پوائنٹس پر ’ونٹر ایکشن پلان‘ بنا رہی ہے۔ اس سے قبل جمعرات کو گوپال رائے نے ایک ویڈیو سوشل میڈیا پلیٹ فارم ’ایکس‘ پر شیئر کی تھی جس میں انھوں نے بتایا تھا کہ دہلی سکریٹریٹ میں ونٹر ایکشن پلان کو لے کر سبھی متعلقہ محکموں کے ساتھ میٹنگ ہوئی۔ سردیوں میں ہونے والی آلودگی سے نمٹنے کے لیے 21 نکات پر مبنی ونٹر ایکشن پلان بنایا جائے گا۔ انھوں نے سبھی محکموں کے ساتھ اس سلسلے میں میٹنگ کی تھی۔



کولکاتا کے آر جی کر میڈیکل کالج اینڈ ہاسپٹل میں عصمت ریزی اور قتل کے خلاف سی پی آئی ایم کا کولکاتا میں احتجاج۔

## ’منی پور تشدد معاملہ میں وزیر اعظم کی بے حسی نا قابل معافی
## تازہ تشدد کے بعد پرینکا گاندھی کا پی ایم مودی پر حملہ

نئی دہلی: کانگریس جنرل سکریٹری پرینکا گاندھی نے منی پور میں تشدد کے تازہ واقعات کے بعد مرکزی حکومت کی ناکامیوں پر شدید حملہ کیا ہے۔ انھوں نے کہا کہ منی پور تقریباً ڈیڑھ سال سے جل رہا ہے۔ روزانہ تشدد، قتل، فساد، نقل مکانی... گھر جل رہے ہیں، فیملی اجڑ رہی ہے، زندگیاں تباہ ہو رہی ہیں، ہزاروں کنبے راحتی کیمپوں میں دن کاٹنے کو مجبور ہیں۔ وزیر اعظم جی نے اسے روکنے کی اب تک کوئی کوشش بھی نہیں۔ کانگریس جنرل سکریٹری نے پی ایم مودی پر یہ حملہ سوشل میڈیا پلیٹ فارم ’ایکس‘ پر کیے گئے ایک پوسٹ میں کیا ہے۔ انھوں نے اس پوسٹ میں یہ بھی لکھا ہے کہ ”ایسا کبھی نہیں ہوا کہ ملک کی ایک ریاست کو مہینوں تک اس طرح جلتا ہوا چھوڑ دیا جائے اور اس پر بات تک نہ کی جائے۔ ملک کی داخلی سیکورٹی کسی کی خواہش پر منحصر نہیں ہوتی، یہ لازمی ذمہ داری ہے۔ وزیر اعظم جی کی بے حسی نا قابل معافی ہے۔“ اس سے قبل آج کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے بھی منی پور میں تشدد کے تازہ واقعات کو لے کر پی ایم مودی اور مرکزی حکومت کو ہدف تنقید بنایا تھا۔ انھوں نے کہا تھا کہ وزیر اعلیٰ این بیرین سنگھ کو فوراً برخاست کیا جانا چاہیے۔ کانگریس صدر نے کہا کہ ”کانگریس کا مطالبہ ہے کہ منی پور کے وزیر اعلیٰ کو فوراً برخاست کیا جائے، مرکزی حکومت کو حساس سیکورٹی والے حالات کی پوری ذمہ داری لینی چاہیے اور ریاستی فورس کی مدد سے سبھی طرح کے بغاوتی گروپوں پر بڑے پیمانے پر کارروائی کی جانی چاہیے۔“

## ملک میں Mpox کا کوئی نیا کیس نہیں، وائرس میں وبائی مرض کی کم صلاحیت

نئی دہلی: دہلی میں ایم پی پاکس کے ایک مشتبہ کیس کا پتہ چلنے کے درمیان، ملک کے ماہرین صحت نے مشورہ دیا ہے کہ گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے کیونکہ مانکی پوکس وائرس (MPXV) میں وبائی امراض کی کم سے کم صلاحیت ہے۔ اس سے قبل حکومت نے 8 ستمبر کو ملک میں ایک نوجوان مرد مریض میں Mpox کے مشتبہ کیس کی اطلاع دی تھی جسے ایک ہاسپٹل میں الگ تھلگ کر دیا گیا ہے اور اس کی تفتیش جاری ہے۔ مریض نے حال ہی میں ایک ایسے ملک سے سفر کیا جو فی الحال Mpox ٹرانسمیشن کا سامنا کر رہا ہے۔ مریض کو ایک ہاسپٹل میں الگ تھلگ کر دیا گیا ہے اور فی الحال اس کی حالت مستحکم ہے۔ وزارت نے کہا کہ مرکز نے ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ ایم پی پاکس کے تمام مشتبہ کیسوں کی اسکریننگ، جانچ اور رابطے کا پتہ لگائیں۔ ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کو بھی مشتبہ اور تصدیق شدہ دونوں مریضوں کیلئے ہاسپٹلس میں الگ تھلگ سہولیات کی نشاندہی کرنے کا مشورہ دیا گیا تھا۔ مرکزی صحت کے سکریٹری اپوروا چندرا نے کہا کہ موجودہ وباء میں ہندوستان میں Mpox کا کوئی نیا کیس رپورٹ نہیں ہوا ہے اور مشتبہ کیسوں میں سے کسی بھی نمونے کا ٹیسٹ مثبت نہیں آیا ہے۔ مرکزی سکریٹری صحت اپوروا چندرا نے چوکنا رہنے کی ضرورت پر بھی زور دیا۔ ماہرین صحت نے کہ گھبرانے کی ضرورت نہیں ہے۔ Mpox ایک وائرل بیماری ہے جس کی شناخت بخار، ددورا اور لمفاڈینوپیتھی کے طور پر کی جاتی ہے۔

## میں نے شاہ رخ خان کی طرح اپنے بل بوتے پر پہچان بنائی: پرشانت

پٹنہ: کنوینر جن سوراج پرشانت کشور نے قائد اپوزیشن بہار اسمبلی تیجسوی یادو پر تنقید تیز کر دی۔ انہوں نے الزام عائد کیا کہ تیجسوی کو اقربا پروری کا فائدہ ملا۔ پرشانت کشور نے اپنے سیاسی سفر کا تیجسوی یادو سے تقابل فلم اداکار شاہ رخ خان اور ابھیشیک بچن کے حوالہ سے کیا۔ انہوں نے ریمارک کیا کہ تیجسوی سابق چیف منسٹر بہار لالو پرساد یادو کا بیٹا ہے۔ اسے اپنی شناخت بنانی نہیں پڑی کیونکہ اسے باپ کے حوالہ سے خود بخود شناخت اور مواقع ملتے چلے گئے۔ اس کے برخلاف پرشانت کشور نے کہا کہ انہیں اور دیگر لوگوں کو جنہیں مراعات یافتہ پس منظر نہیں ملتا اپنی شناخت کڑی محنت کے ذریعہ بنانی پڑتی ہے۔ انہوں نے اس کی مزید وضاحت کے لئے فلم صنعت کا حوالہ دیا۔ انہوں نے کہا کہ شاہ رخ خان کا باپ فلمی دنیا میں بااثر شخصیت نہیں تھا۔ اسے کامیابی کے لئے بڑی جدوجہد کرنی پڑی۔ ٹی وی سے کیریئر شروع کرتے ہوئے شاہ رخ خان نے فلموں میں جگہ بنائی۔ اس کی صلاحیت اور کڑی محنت نے اسے یش چوپڑہ اور کرن جوہر جیسے سرکردہ ڈائرکٹرس کے ساتھ کام کرنے کا موقع دلایا۔ دوسری جانب امیتابھ بچن کے بیٹے ابھیشیک بچن کو شروع سے مواقع ملتے چلے گئے۔ ابھیشیک نے اپنی پہلی فلم میں جے پی دتہ جیسے ممتاز ڈائرکٹر کے ساتھ کام کیا۔ پرشانت کشور نے نشاندہی کی کہ ابھیشیک بچن کی طرح تیجسوی کو بہار کی سیاست کی ایک امیر اور بااثر شخصیت کا بیٹا ہونے کا فائدہ ملا۔ پرشانت کشور نے کہا کہ اس کے برخلاف میرا پس منظر ایک عام آدمی کا رہا جس کا کوئی اثر و رسوخ نہیں تھا۔ انہوں نے کہا کہ میرا باپ تیجسوی کے باپ کی طرح طاقتور یا امیر آدمی نہیں تھا۔

## اعظم خان کی بیوی تزئین فاطمہ نے لی راحت کی سانس
## بجلی چوری معاملہ میں عدالت نے کیا بری



سماجوادی پارٹی کے سینئر لیڈر اور سابق کابینہ وزیر اعظم خان کی بیوی ڈاکٹر تزئین فاطمہ کو آج عدالت نے ایک بڑی راحت بھری خبر سنائی۔ عدالت نے انھیں ہم سفر ریسورٹ بجلی چوری کے معاملے میں بے قصور قرار دے دیا ہے۔ 2019 میں تزئین فاطمہ کے ہم سفر ریسورٹ میں بجلی چوری ہونے کی اطلاع پر محکمہ نے چھاپہ ماری کی تھی۔ اس دوران ہم سفر ریسورٹ میں لاکھوں روپے کی بجلی چوری کا اندیشہ ظاہر کیا گیا تھا۔ جس کے بعد ڈونگر پور بجلی گھر کے جونیئر انجینئر راہل رنجن نے تزئین فاطمہ کے خلاف شہر کوتوالی میں مقدمہ درج کرایا تھا۔ قابل ذکر ہے کہ سابق کابینہ وزیر اعظم خان کی بیوی تزئین فاطمہ نے 30 لاکھ روپے کی سمن رقم جمع کرنے کے بعد عدالت میں کیس ختم کرنے کی عرضی لگائی تھی۔ اس کی بنیاد پر عدالت نے مقدمہ کو ختم کیا ہے۔ عدالت سے باہر نکلنے کے بعد تزئین فاطمہ نے کہا کہ بجلی محکمہ میں بجلی چوری کا مقدمہ تھا اسی سلسلے میں کورٹ پہنچی تھیں، جس میں عدالت نے انھیں بری کر دیا تھا۔ ان کا کہنا ہے کہ جس طرح پہلے جھوٹے مقدمات لگے ہیں، ویسے ہی اس مقدمہ میں بھی جھوٹے طریقے سے پھنسایا گیا ہے۔ جب تزئین فاطمہ سے اعظم خان کے 27 مقدمات والی اپیل کو خارج کیے جانے سے متعلق پوچھا گیا تو انھوں نے کہا کہ یہ سب جج صاحب کی مرضی ہے، وہ خارج کریں یا منظور کریں۔ علاوہ ازیں تزئین فاطمہ کے وکیل ناصر سلطان نے بجلی چوری سے متعلق مقدمہ کے بارے میں کہا کہ ہم سفر ریسورٹ میں چھاپ ماری اور یہ الزام لگا کر دکھایا گیا تھا کہ 33870 واٹ کی چوری ہم سفر ریسورٹ میں کی جا رہی ہے۔ حالانکہ 5 کلوواٹ کا کنکشن وہاں پہلے سے تھا، لیکن ایک سیلاب مقدموں کا آیا ہوا تھا تو یہ مقدمہ بھی کیا گیا تھا۔

## ’وزیر اعلیٰ برخاست ہوں‘، منی پور میں تازہ تشدد سے برہم کانگریس صدر نے این بیرین سنگھ کو ہٹانے کا کیا مطالبہ

نئی دہلی: 9/ستمبر(ایجنسیز) کانگریس صدر ملکارجن کھڑگے نے منی پور میں تشدد کے تازہ واقعات پر شدید ناراضگی کا اظہار کیا ہے۔ انھوں نے پیر کے روز وزیر اعظم نریندر مودی اور مرکزی حکومت کو ہدف تنقید بناتے ہوئے کہا کہ منی پور کے وزیر اعلیٰ این بیرین سنگھ کو فوراً برخاست کیا جانا چاہیے۔ قابل ذکر ہے کہ امپھال ویسٹ ضلع کے کوتروک گاؤں میں ریموٹ کنٹرول ڈرون کا استعمال کر کے یکم ستمبر کو حملہ کیا گیا تھا جس میں دو افراد کی موت ہو گئی تھی اور 9 دیگر زخمی ہوئے تھے۔ اس سے اگلے دن تقریباً تین کلومیٹر دور سینجام چرانگ میں پھر سے ڈرون کا استعمال کیا گیا اور اس حملے میں 3 افراد زخمی ہوئے۔ اس درمیان ہفتہ کی شب کو جریبام میں تشدد کے دوران 5 لوگوں کی موت ہو گئی تھی۔ کھڑگے نے ان حادثات کے پیش نظر سوشل میڈیا پلیٹ فارم ’ایکس‘ پر ایک طویل پوسٹ کیا ہے جس میں لکھا ہے کہ ”منی پور میں پی ایم مودی کی زبردست ناکامی نا قابل معافی ہے۔ منی پور کی سابق گورنر انوسوئیا اوئیکے جی نے منی پور کے لوگوں کی آواز اٹھائی ہے۔ انھوں نے کہا کہ تشدد زدہ ریاست کے لوگ پریشان اور تکلیف میں ہیں، وہ (عوام) چاہتے تھے کہ پی ایم مودی ان سے ملنے آئیں۔“ کانگریس صدر نے الزام عائد کیا کہ ”گزشتہ 16 ماہ میں وزیر اعظم مودی نے منی پور میں ایک سیکنڈ بھی نہیں گزارا، جبکہ ریاست میں تشدد بے روک ٹوک جاری ہے اور لوگ مودی-شاہ کی بے حسی کا نتیجہ بھگت رہے ہیں۔“ اس پوسٹ میں کھڑگے نے یہ بھی لکھا ہے کہ منی پور کے وزیر اعلیٰ نے مبینہ طور پر ریاستی حکومت کو یونیفائیڈ کمانڈ کی منتقلی کا مطالبہ کیا ہے۔ یونیفائیڈ کمانڈ منی پور میں سیکورٹی مہموں کی دیکھ ریکھ کرتی ہے اور موجودہ وقت میں اسے مرکزی وزارت داخلہ کے افسران، ریاستی سیکورٹی صلاح کار اور ہندوستانی فوج کی ایک ٹیم کے ذریعہ کنٹرول کیا جاتا ہے۔ انھوں نے دعویٰ کیا کہ ”ایسا لگتا ہے کہ وزیر اعظم کی طرح مرکزی وزیر داخلہ نے بھی منی پور میں سیکورٹی یقینی بنانے کی اپنی آئینی ذمہ داری چھوڑ دی ہے اور انتخاب والی ریاستوں میں سیاست کرنے اور ریلیوں کو خطاب کرنے میں مصروف ہیں۔“ کھڑگے کا کہنا ہے کہ ”ڈرون اور راکیٹ سے چلنے والے گرینیڈ حملے شروع ہو گئے ہیں اور یہ اب قومی سیکورٹی کے لیے خطرہ بنتا جا رہا ہے۔ ایسی سنگین حالت میں بی جے پی استعفیٰ کا ڈرامہ کرتی نظر آ رہی ہے۔“ وہ مزید کہتے ہیں کہ ”کانگریس کا مطالبہ ہے کہ منی پور کے وزیر اعلیٰ کو فوراً برخاست کیا جانا چاہیے، مرکزی حکومت کو حساس سیکورٹی حالت کی پوری ذمہ داری لینی چاہیے اور ریاستی فورس کی مدد سے سبھی طرح کے بغاوتی گروپوں پر بڑے پیمانے پر کارروائی کی جانی چاہیے۔“ انھوں نے مرکزی حکومت سے یہ گزارش بھی کی کہ نسلی تشدد کی جانچ کے لیے سپریم کورٹ کے ذریعہ ہدایت کردہ اور نگرانی والے منی پور جانچ کمیشن کو اپنی جانچ میں تیزی لانی چاہیے۔ کانگریس صدر کے مطابق ”مودی حکومت کو تشدد کی جانچ کر رہی سی بی آئی، این آئی اے اور دیگر ایجنسیوں کا غلط استعمال نہیں کرنا چاہیے۔ سبھی سیاسی پارٹیوں، نمائندوں اور ہر طبقہ کے شہری سماج کے اراکین کو ساتھ لے کر امن اور معمول والے صورت حال کو فروغ دینے کی کوشش فوراً شروع کرنی چاہیے۔“ انھوں نے یہ سوال بھی کیا کہ ”منی پور کے لوگ پوچھ رہے ہیں کہ مودی جی ریاست میں تشدد ختم کیوں نہیں کرنا چاہتے؟“

## دہلی وقف بورڈ معاملہ: عآپ رکن اسمبلی امانت اللہ خان 14 دنوں کے لیے عدالتی حراست میں بھیجے گئے

نئی دہلی:9/ستمبر(ایجنسیز) دہلی کی ایک عدالت نے پیر کے روز عآپ رکن اسمبلی امانت اللہ خان کو 14 دنوں کے لیے عدالتی حراست میں بھیج دیا ہے۔ وہ 23 ستمبر تک عدالتی حراست میں رہیں گے۔ انفورسمنٹ ڈائرکٹوریٹ (ای ڈی) نے منی لانڈرنگ سے جڑے معاملے میں عدالت سے امانت اللہ کو 14 دنوں کی عدالتی حراست میں بھیجنے کی گزارش کی تھی۔ اس گزارش کو راؤز ایونیو کورٹ کے اسپیشل جج راکیش سیال کی عدالت نے منظور کیا اور امانت اللہ کو عدالتی حراست میں بھیجنے کا فیصلہ سنایا۔ آج ہوئی سماعت کے دوران امانت اللہ خان کے وکیل نے عدالت سے کہا کہ امانت اللہ کو عدالتی حراست میں نہیں بھیجا جانا چاہیے بلکہ انھیں رہا کر دینا چاہیے۔ عدالتی حکم اور ہدایت پر جب بھی ضرورت ہوگی امانت اللہ ای ڈی یا عدالت کے سامنے پیش ہو جائیں گے۔ ساتھ ہی ان کے وکیل نے کہا کہ اگر انھیں جیل بھیجا جاتا ہے تو وہاں انھیں گھر کا بنا کھانا اور رکن اسمبلی فنڈ کا استعمال کرنے کے لیے دستخط کرنے کی اجازت دی جائے۔ دراصل ای ڈی نے عدالت سے امانت اللہ کو 14 دنوں کے لیے عدالتی حراست میں بھیجنے کی گزارش کی تھی۔ ایجنسی نے خصوصی جج راکیش سیال کو بتایا کہ ملزم رکن اسمبلی کو حراست میں رکھ کر پوچھ تاچھ کرنے کی اب مزید ضرورت نہیں ہے۔ ایسے میں اب انھیں عدالتی حراست میں بھیج دیا جانا چاہیے۔ ای ڈی نے عدالت سے کہا کہ اگر امانت اللہ کو رہا کر دیا جاتا ہے تو وہ معاملے کی جانچ اور گواہوں کو متاثر کر سکتے ہیں۔ اس سے قبل جانچ ایجنسی ای ڈی نے وقف بورڈ گھوٹالہ کے الزام میں عآپ رکن اسمبلی امانت اللہ کو 2 ستمبر کے روز گرفتار کیا تھا۔ مبینہ گھوٹالہ معاملے میں امانت اللہ اب تک 7 دن ای ڈی کی حراست میں رہے، اور اب انھیں عدالتی حراست میں بھیجنے کا فیصلہ صادر کر دیا گیا ہے۔

Alhaj Md. Javeed 8888 96 1111
Md. Younus 8888 95 1111
Md. Tajammul 8888 94 1111
Md. Awes 8888 93 1111
MUSKAN JEWELLERS
مُسکان جیولرس
سونے کے زیورات کا وسیع اور عمدہ شوروم
صرافہ بازار، چوک، ناندیڑ۔

